www.KitaboSunnat.com

تبصرۂ کتب

تبصرہ :- مولانا سعید مجتبیٰ السعیدی

نام کتاب	———— مقامِ صحابہؓ (شیعہ مذہب کی کتب کی روشنی میں)
مؤلف	———— مولانا حکیم فیض عالم صدیقی مرحوم
صفحات	———— ۱۲۶
قیمت	———— ۱۸ روپے
ناشر	———— مکتبہ فیض القرآن، محلہ مستریاں، جہلم

مرحوم حکیم مولانا فیض عالم صدیقیؒ ہماری جماعت کے صاحبِ علم و قلم بزرگ گزرے ہیں۔ انہوں نے شیعہ مذہب کی جملہ کتب کو کنگھالا ہوا تھا اور شیعہ مذہب پر علمی و تحقیقی انداز میں سخت تنقید کیا کرتے تھے۔

صحابہ کرامؓ کا بلند مرتبہ ہونا صرف اہلِ سنت کے نزدیک ہی نہیں بلکہ شیعہ اکابر کے ہاں بھی مسلّم ہے اور ان کی کتب اس پر شاہد ہیں۔

اس کتاب میں مصنف نے مشہور و معتبر شیعہ کتب سے امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیق، عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کے مناقب ذکر کیے ہیں اور بدلائل ثابت کیا ہے کہ خلفائے ثلاثہ سے حضرت علیؓ کے گہرے مراسم اور تعلقات تھے۔ اسی لئے حضرت علیؓ نے اپنی دختر ام کلثوم کا نکاح حضرت عمرؓ سے کر دیا تھا۔

ایسے ہی جملہ صحابہ خصوصاً خلفائے ثلاثہ کے بارے میں حضرت علیؓ کے اقوال بھی ذکر کیے ہیں۔

مشہور شیعہ کتاب "مَنْ لَا یَحْضُرُہُ الْفَقِیْہُ" کے حوالہ سے لکھا ہے کہ "علیٌّ وَلِیُّ اللہِ" کے الفاظ اذان کا حصہ نہیں، جو شخص ان کلمات کو جزوِ اذان سمجھ کر اذان میں کہے اس پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو۔

اس قسم کے کئی حوالہ جات سے کتاب مزین ہے۔ اس لئے یہ کتاب اصحاب علم و تحقیق کے لئے خاصی مفید اور معاون ہے۔ اربابِ ذوق اسے حاصل کر کے استفادہ کریں۔

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ